Press Release
پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032-تلنگانہ
فون:- 040-23006606' 23006612-15 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@yahoo.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

17/اکتوبر 2018

ہندوستانی سماج پر اسلام کے اثرات

اُردو یونیورسٹی میں اقبال احمد انجینئر کو پی ایچ ڈی

حیدرآباد، 17/اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے البیرونی مرکز برائے مطالعہ سماجی اخراجیت وشمولیتی پالیسی کے ریسرچ اسکالر اقبال احمد (انجینئر) کو پی ایچ ڈی کی ڈگری کا مستحق قرار دیا ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر ایس عبدالطہ، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں ''ہندوستانی سماج پر اسلام کے اثرات۔ آمد سے تقسیم ہند تک'' کے موضوع پر اپنا تحقیقی مقالہ قلمبند کیا۔

اس مقالے میں ہندو عقائد اور رسوم ورواج' اپنیشد' وید' ویدانت' پراناس' اتہاس' درشن اور موجودہ ہندو نظریاتی تحریکات پر اسلامی عقائد کے اثرات اور اس کے اصلاحی پہلو کا جائزہ لیتے ہوئے مشترکہ نکات پر متوازن ماحول کی نشاندہی کی گئی۔ جناب اقبال احمد انجینئر نے جو ایک معروف کالم نگار اور جہد کار بھی ہیں' تحقیق کا آغاز پروفیسر کانچا الیہ' سابق ڈائرکٹر مرکز کے زیر نگرانی کیا تھا۔

نوٹ:- خبر اور تصویر ای میل سے روانہ کی جارہی ہے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر